فوری ریلیز کے لیے: 2022/16/12 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے پیر کے روز ریاست کے اوپری حصوں میں نور'ایسٹر کے اثرات اور ایری اور اونٹاریو جھیلوں کے قرب و جوار میں برفباری کا عمل پیر تک جاری رہنے کے بارے میں اپ ڈیٹ فراہم کیا***

***موسم سرما کے پہلے نورایسٹر کا اثر نیویارک کے اوپری حصوں پر پڑنا جاری ہے اور نارتھ کنٹری، موہاک وادی، اور دارالحکومت کے زیر انتظام علاقوں میں ایک فٹ سے زیادہ برف متوقع ہے؛ جبکہ مزید اونچائی والے علاقوں میں ہفتے کے دن سے تقریباً دو فٹ تک برف پڑ سکتی ہے۔***

***نیویارک کے وسطی اور جنوبی علاقوں کے کچھ حصوں میں ہفتے تک 8 سے 12 انچ برفباری ہوگی؛ طوفان کی سب سے زیادہ شدت کے دوران 1 سے 2 انچ فی گھنٹہ کی شدت کے ساتھ برفباری ہونے کی توقع ہے***

***ایری اور اونٹاریو جھیلوں کے قرب و جوار میں لیک افیکٹ کا اثر آج رات شروع ہونے اور پیر تک جاری رہنے کی توقع ہے جس کے دوران مغربی نیویارک میں دو فٹ تک اور ٹگ ہل مرتفع میں چار فٹ تک برف باری کا امکان ہے۔***

***ریاستی ایمرجنسی آپریشن سنٹر جمعرات کو فعال کیا گیا تاکہ ریاستی ایجنسی کے ردِعمل اور اقدامات کو مربوط اور مقامی حکومتوں سے مدد کی درخواستوں کو آسان بنایا جا سکے***

***گورنر Hochul نے جمعرات کی شام اور جمعہ کو متاثرہ علاقوں میں غیر ضروری سفر نہ کرنے کی تاکید کی ہے کیونکہ بھاری برفباری اور گیلی برف سے خطرناک سفری حالات اور بجلی کی بندش کا ہونا متوقع ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست کے اوپری حصوں میں موسم کے پہلے نور'ایسٹر کے نتیجے میں جمعہ کو دن بھر میں ایک فٹ یا اس سے زیادہ بھاری برفباری اور گیلی برف کے بارے میں اپ ڈیٹ فراہم کیا جبکہ جھیل ایری اور جھیل اونٹاریو کی سرحد سے متصل علاقوں کے رہائشیوں پر بھی زور دیا گیا ہے کہ وہ طویل عرصے تک لیک افیکٹ برف کے لئے تیار رہیں جو جمعہ کی رات سے شروع ہو کر پیر کے پورے دن تک بعض مقامات میں چار فٹ تک برفباری کا سبب بن سکتا ہے۔ توقع ہے کہ نارتھ کنٹری کے بلند مقامات اور موہاک وادی اور دارالحکومت ضلع کے بعض حصوں میں آج کبھی کبھار بھاری برفباری ہوگی اور کچھ مقامات پر ایک فٹ یا اس سے زیادہ برف پڑے گی اور ہفتے کے دن کی ابتدا میں ختم ہونے کا امکان ہے۔ وسطی نیویارک اور جنوبی خطے کے بعض حصوں میں بھی ہفتے کے دن تک ایک فٹ تک برف پڑ سکتی ہے۔ ایری اور اونٹاریو جھیلوں کے قرب و جوار میں لیک افیکٹ کا اثر آج رات شروع ہونے اور پیر تک جاری رہنے کی توقع ہے، جس کے دوران مغربی نیویارک میں دو فٹ تک اور ٹگ ہل پلیٹیو میں چار فٹ تک برف پڑنے کا امکان ہے۔ ہفتے سے اتوار کی رات تک سب سے زیادہ برف باری کی توقع ہے جس میں جھیل ایری پر برفباری کی شرح دو انچ فی گھنٹہ تک پہنچنے کی پیش گوئی کی گئی ہے جبکہ جھیل اونٹاریو پر برفباری کی شرح بعض اوقات مجموعی طور پر تین انچ فی گھنٹہ ہوسکتی۔

"اب تک مشرقی نیویارک کے کچھ حصوں میں برف کم پڑی ہے لیکن دن چڑھنے کے ساتھ زیادہ ٹھنڈی ہوا کی توقع ہے۔ بارش برف میں تبدیل ہو جائے گی جس کی وجہ سے آج دوپہر کے بعد اور آج رات سفر کرنا مشکل ہو جائے گا،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیویارک کے شہریوں کو آج دن بھر ہوشیار رہنا چاہئے اور پیشگوئی پر نگاہ رکھنی چاہئے، خاص طور سے نارتھ کنٹری اور جھیل ایری اور اونٹاریو کے قرب و جوار والے علاقوں میں۔"

جمعرات اور جمعے کی صبح کے درمیان مڈ ہڈسن کے علاقے میں سب سے زیادہ برفباری ہوئی جس دوران بعض مقامات پر آٹھ انچ تک برف پڑی۔ دیگر مقامات کے مجموعے حسبِ ذیل ہیں:

- فنگر جھیلیں اور جنوبی ٹیئر: 4-7"
- وسطی نیو یارک: 3-7"
- وادی موہاک: 2-6"
- دارالحکومت کا علاقہ: 4-6"
- نارتھ کنٹری 3-7"
- مغربی نیویارک: 1"

**نیویارک اسٹیٹ ڈویژن آف ہوم لینڈ سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز کے کمشنر جیکی بری نے کہا،** "ہم اس وقت موسم کی دو مختلف کیفیات دیکھ رہے ہیں - ایک کیفیت ریاست کے بیشتر حصوں میں آج صبح بارش اور برفباری کا سبب بن رہی ہے، جبکہ دوسری کیفیت میں ٹگ ہل پلیٹیو اور جھیل ایری اور جھیل اونٹاریو کے قرب و جوار والے علاقوں میں کئی فٹ برف لانے کی صلاحیت موجود ہے۔ اگر آپ سفر کرنے کا سوچ رہے ہیں تو اگلے چند دنوں کے دوران اپنی مقامی پیشگوئیوں پر پوری توجہ دیں۔ اگر آپ کو لازماً سفر کرنا ہو، تو اپنی منزل تک سفر کا اضافی وقت رکھیں اور تمام احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔"

ہفتے کے روز تک ریاست کے بیشتر علاقوں میں موسم کے حوالے سے متعدد انتباہات اور تجاویز جاری کی گئی ہیں۔ اپنے علاقے میں موسم کی صورتحال پر نگاہ رکھنے والے اداروں اور انتباہات کی مکمل فہرست کے لئے National Weather Service ویب سائٹ پر جائیں اور اپنے علاقے کو شہر یا زپ کوڈ کے ذریعے تلاش کریں۔

**ریاستی ایجنسی کی تیاریاں**

**قومی سلامتی اور ہنگامی خدمات کا ڈویژن**
قومی سلامتی اور ہنگامی خدمات کا ڈویژن اس موسمی صورتحال کے دوران ریاستی ایجنسی کی جوابی کارروائیوں کو باہم مربوط بھی کر رہا ہے اور تیاریاں یقینی بنانے کے لیے مقامی حکومتوں کے ساتھ رابطے بھی کر رہا ہے۔ ریاست کا ایمرجنسی آپریشن مرکز طوفان سے نمٹنے کی تیاریوں اور سفری حالات کی نگرانی کے لیے جمعرات کی سہ پہر کو فعال کر دیا گیا۔ ریاستی دفتر برائے انتظامِ ہنگامی حالات طوفان سے متعلقہ ضروریات کے ساتھ مقامی حکومتوں کی مدد کے لیے ریاست کے ذخیرے سے اثاثوں کو تعینات کرنے کے لیے تیار ہے۔ آگ کی روک تھام اور کنٹرول کے ریاستی دفتر کے پاس باہمی امداد کی درخواستوں پر امدادی اقدامات کرنے کے لئے سازوسامان اور اہلکار موجود ہیں۔

**محکمہ ٹرانسپورٹیش**
محکمہ ٹرانسپورٹیشن پوری ریاست میں دستیاب 3,450 آپریٹرز اور سپروائزرز کے ذریعے موجودہ موسمی صورتحال سے نمٹنے میں مکمل طور پر مصروفِ عمل ہے اور کاروائیاں کر رہا ہے۔
شدید متاثرہ علاقوں میں برف اور منجمد پانی سے نمتنے والی سرگرمیوں میں مدد کے لیے، کل 44 نفوس پر مشتمل عملے کو تعینات کیا جا رہا ہے، جن میں پلو ٹرک چلانے والے 33 آپریٹرز، دو سپروائزر، اور آلات چلانے والے نو آپریٹر انسٹرکٹرز تعینات کر دیے گئے ہیں۔ یہ حسبِ ذیل تقسیم کیے گئے ہیں:

- کیپیٹل ریجن:
  - فنگر لیکس سے دو آلات آپریٹر انسٹرکٹر پہنچ گئے
  - لانگ آئلینڈ سے ایک آلات آپریٹر انسٹرکٹر پہنچ گیا
  - DOT کے مین آفس سے ایک آلات آپریٹر انسٹرکٹر پہنچ گیا
- وادی موہاک:
  - لانگ آئلینڈ سے آٹھ پلو آپریٹرز پہنچ گئے

- وسطی نیویارک:
  - لانگ آئلینڈ سے 25 پلو آپریٹرز اور دو سپروائزرز پہنچ گئے
- نارتھ کنٹری:
  - مغربی نیویارک سے دو آلات آپریٹر انسٹرکٹرز پہنچ گئے
  - کیپیٹل ریجن سے ایک آلات آپریٹر انسٹرکٹر پہنچ گیا
- جنوبی ٹیئر:
  - لانگ آئلینڈ سے دو آلات آپریٹرز پہنچ گئے

جوں جوں ہنگامی حالات کی صورتحال تبدیل ہوتی جائے گی، اسکے مطابق اضافی وسائل کی ضرورت کا دوبارہ جائزہ لیا جاتا رہے گا۔ پوری ریاست میں سازوسامان اور الات کے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں:

- بڑے اور درمیانے درجے کے 1732 پلو ٹرک
- 339 بڑے لوڈرز
- 52 ٹو پلوز
- 39 سنو بلوورز

مزید برآں، DOT نے مندرجہ ذیل کاؤنٹیوں میں طوفان سے متاثر ہونے والے بڑے ٹریول کوریڈورز پر ٹو کرنے والی سروسز کا انتظام بھی کر دیا ہے: I-84 (اورنج), I-84 (پٹنیم), I-684 (پٹنیم), I-81 (اونونڈاگا), I-81 (بروم), I-88 (بروم), I-86 (بروم), NY 17 (بروم), NY 206 (ڈیلاویئر), NY 28 (ڈیلاویئر), NY 17 (سولیوان, دو مقامات), I-390 (سٹیوبن), اور I-86 (چیمنگ)۔ ٹو کرنے والی سروسز کا استعمال ہچنسن ریور پارک وے، کراس کاؤنٹی پارک وے، سا مل ریور پارک وے، اور اسپرین بروک پارک وے پر بھی کیا جائے گا۔
سفر کی تازہ ترین معلومات کے لیے 511 پر کال کریں، 511NY.org پر تشریف لائیں یا مفت NY511 موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

**تھرووے اتھارٹی**
تھرووے اتھارٹی کے اہلکار اور کارکنان پوری ریاست میں 679 آپریٹرز اور سپروائزرز کے ساتھ برف اور منجمد پانی سے نمٹنے والی کارروائیوں میں ہمہ تن مصروف ہیں۔ ریاست بھر میں آلات کی تعداد اور وسائل:

- 358 بڑے اور میڈیم ڈیوٹی پلو ٹرک
- 10 ٹو پلوز
- 68 لوڈرز

تھرووے پر موٹر گاڑی چلانے والوں کو سردیوں کے موسمی حالات سے آگاہ کرنے کے لیے قابلِ ترمیم پیغامات والے اشاروں اور سوشل میڈیا کا استعمال کیا جا رہا ہے۔

تھرووے اتھارٹی گاڑی چلانے والوں کو اپنی موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کی ترغیب دیتی ہے جو کہ iPhone اور Android ڈیوائسز کے لئے مفت دستیاب ہے۔ یہ ایپ موٹر گاڑی چلانے والوں کو ٹریفک کی حقیقی معلومات، لائیو ٹریفک کیمروں، اور دوران سفر راستہ تلاش کرنے کی معاونت تک براہ راست رسائی فراہم کرتی ہے۔ گاڑیوں میں سفر کرنے والے TRANSalert کی ای میلز کے لئے سائن اپ ہو سکتے ہیں تاکہ انہیں تھرووے پر ٹریفک کی تازہ ترین صورتحال سے آگاہی ملتی رہے۔

**ریاستی پولیس**

ریاستی پولیس صورتحال کی نگرانی کرتی رہے گی اور ان علاقوں میں اضافی گشتوں کا انعقاد کرے گی جو طوفان سے بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ تمام فور وہیل ڈرائیو اور خصوصی گاڑیوں نے خدمات جاری رکھی ہوئی ہیں، بشمول یوٹیلیٹی ٹاسک گاڑیاں اور برف پر چلنے والی موبائلز۔

**محکمہ برائے مفاد عامہ**

نیویارک کی یوٹیلیٹیز کے پاس پوری ریاست میں تقریباً 6,500 کارکنان موجود ہیں جو نقصانات کا تخمینہ لگانے، حفاظتی تاریں لگانے، جوابی کاروائی کرنے، مرمت، اور بحالی کی کوششوں میں مصروفِ عمل ہیں۔ اس میں نیشنل گرڈ کی جانب سے حاصل کردہ اضافی 515 بیرونی کارکنان، NYSEG اور RG&E کی جانب سے حاصل کردہ 400 بیرونی کارکنان، وسطی ہڈسن سے 50 بیرونی کارکنان، اور Orange & Rockland کی جانب سے حاصل کردہ 50 بیرونی کارکنان شامل ہیں۔ DPS کا عملہ اس پوری ہنگامی صورتحال کے دوران یوٹیلیٹیز کے کام پر نظر رکھے گا اور یہ امر یقینی بنائے گا کہ یوٹیلیٹیز سب سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں عملے کی موزوں تعیناتی کریں۔

**محکمہ ماحولیاتی تحفظ**

ریاست نیویارک کے محکمہ ماحولیاتی تحفظ کے پولیس افسران، فاریسٹ رینجرز، ہنگامی حالات کی منیجمنٹ کرنے والا عملہ، اور علاقائی عملے کے اہلکار مسلسل چوکس ہیں، بدلتی ہوئی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں اور شدید موسم سے متاثر ہونے والے علاقوں اور بنیادی ڈھانچے پر فعال طریقے سے گشت کررہے ہیں۔ DEC ایجنسی شراکت داروں کے ساتھ وسائل کی تعیناتی کو باہم مربوط کر رہا ہے اور تمام دستیاب اثاثے کسی بھی ہنگامی ردِعمل میں مدد کے لیے تیاری کی حالت میں ہیں۔

DEC ملک کے عقبی حصے کے صارفین کو موسم سرما کے حالات کے بارے میں آگاہ اور تیار رہنے کا مشورہ دے رہا ہے۔ آپ کی جسمانی صلاحیت یا منزل سے قطع نظر موسمِ سرما میں ہائیکنگ اور سکی انگ کی سلامتی اور تیاری انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ سرد موسمی حالات میں مزید لطف اندوز ہونے اور زیادہ محفوظ رہنے کے لیے مناسب طریقے سے تیاری انتہائی ضروری ہے۔ شدید برف باری کے دوران اور اس کے فوراً بعد، کھلے، منکشف علاقوں جیسے ننگی چوٹیوں سے بچیں اور کھلی ڈھلوانوں پر یا اس کے قریب سفر کرتے وقت انتہائی احتیاط برتیں۔ DEC ویب سائٹ پر گھر سے باہر محفوظ رہنے کے متعلق اضافی معلومات دستیاب ہیں۔

DEC کی جانب سے برف کو ہٹانے اور ٹھکانے لگانے کے بڑے پیمانے والے ذمہ داروں کو یاد دہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ بہترین انتظامی طریقوں پر عمل کریں تاکہ سیلاب کو روکنے میں مدد ملے اور برف میں موجود آلودہ کاروں مثلاً نمک، ریت، تیل، ردی، اور پانی کے معیار کو متاثر کرنے والے دیگر ملبے کو کم کیا جا سکے۔ مقامی نالیوں اور ندیوں میں برف کو ٹھکانے لگانے سے برف کے ڈیم بن سکتے ہیں جو قریبی علاقوں میں سیلاب کا سبب بن سکتے ہیں۔ برف ہٹانے والے سرکاری اور نجی آپریٹرز کو طوفان کے دوران اور اس کے بعد ان حفاظتی امور سے آگاہ ہونا چاہئے۔

اس سے قبل، گورنر Hochul نے آج نیویارک کے باسیوں کو طوفان کی تیاری میں مدد کے لیے حفاظتی تجاویز فراہم کیں۔ مزید حفاظتی تجاویز ہوم لینڈ سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418